خطباتِ برما

برما میں دیے گئے خطبات کا مجموعہ

مولانا محمد الیاس گھمن

دار الایمان

متکلم اسلام
مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

ناشر: دار الایمان 17-فرسٹ فلور زبیدہ سنٹر 40 اردو بازار لاہور

نام کتاب ________ خطباتِ برما

افادات ________ مولانا محمد الیاس گھمن

بار اشاعت اول ________ ستمبر 2013ء

تعداد ________ 1100

باہتمام ________ احناف میڈیا سروس

ملنے کے پتے

مکتبہ اہل السنۃ والجماعۃ 87 جنوبی لاہور روڈ سرگودھا

0321-6353540

دار الایمان 17-فرسٹ فلور زبیدہ سنٹر 40 اردو بازار لاہور

0423-7350016 — 0321-4602218

دار الایمان دوکان نمبر 11 ماشاء اللہ مارکیٹ نزد تبلیغی مرکز

گیٹ 5 رائیونڈ 0335-7500510

فهرست

الحمد لله نحمده ونستعينه ونستغفره ونومن به ونتوكل عليه ونعوذ بالله من شرور انفسنا ومن سيئات اعمالنا من يهده الله فلا مضل له ومن يضلله فلا هادی له ونشهد ان لا اله الا الله وحده لا شريك له ونشهد ان سيدنا ومولنا محمدا عبده ورسوله اما بعد!

فاعوذ بالله من الشيطن الرجيم بسم الله الرحمن الرحيم

الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ (1) الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ (2) مَالِكِ يَوْمِ الدِّينِ (3) إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ (4) اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ (5) صِرَاطَ الَّذِينَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّينَ (6)

ہے اور پہلے سفر کا پہلا بیان ہے۔ میں نے پہلے سفر اور پہلے بیان کی مناسبت سے ایک سورت اور ایک حدیث تلاوت کی ہے، اس سورۃ کو ام القرآن ام السنۃ ام القرآن اور حدیث ام السنۃ ام کا معنی عربی زبان میں جس طرح ماں آتا ہے، اسی طرح خلاصہ بھی آتا ہے اور اسی طرح عربی زبان میں معنی ”اثر“ بھی آتا ہے۔ تو ام القرآن کا معنی ہے، پورے قرآن کا خلاصہ اور ام السنۃ کا معنی ہے، پوری سنت کا خلاصہ، یعنی پورے دین کا خلاصہ۔ سورۃ فاتحہ قرآن کا خلاصہ ہے اور حدیث جبرائیل تمام احادیث کا خلاصہ ہے۔ چونکہ خلاصہ کو ام کہتے ہیں، اسی لیے سورۃ فاتحہ ام القرآن ہے اور حدیث جبرائیل ام السنۃ ہے۔ سورۃ فاتحہ کو ام القرآن

قرآن کریم کے جتنے مضامین، اللہ تعالی نے الم سے لے کر والناس تک بیان فرمائے ہیں، وہ سارے مضامین، سورۃ فاتحہ میں اجمالاً بیان فرمائے ہیں۔ مرد، عورت، پڑھا لکھا، ان پڑھ ہر بندے کے لیے پورے قرآن کریم کا خلاصہ یہی ہے۔ پورے قرآن مجید میں 6 مضامین ہیں:

1: توحید

2: رسالت

3: قیامت

4: احکام

5: ماننے والے

! الحمد سے لے کر والناس

الحمد للہ رب العالمین الرحمن الرحیم ملك یوم الدین میں قیامت کو بیان کیا، ایاك نعبد وایاك نستعین بیان کیا، اھدنا الصراط المستقیم، صراط الذین انعمت علیھم اس میں بیان کیا اور غیر المغضوب

سورۃ فاتحہ میں اختصار سے بیان فرمایا۔ اس لیے سورۃ فاتحہ کو ام القرآن

قرآن میں تفصیل کے ساتھ بیان فرمائے، وہ چھ مضامین سورۃ فاتحہ میں اختصار کے

ایک لفظ تو یہ سمجھیں کہ ماننے والے اور نہ ماننے والے میں فرق یہ ہے کہ جو ماننے والے تھے، ان کے لیے لفظ ایک بولا اور جو نہ ماننے والے تھے، ان کے لیے لفظ دو لے آئے مغضوب اور ضال اس لیے کہ پوری دنیا میں ماننے والوں کی ایک قسم ہیں اور نہ ماننے والوں کی دو قسمیں ہے۔ بعض لوگ اس وجہ سے نہیں مانتے کہ ان کے پاس جہالت ہے، علم نہیں اور بعض اس وجہ سے نہیں مانتے کہ ان کے پاس محبت نہیں ہے، بغض ہے۔ تو جو بندہ جہالت کی وجہ سے نہ مانے، اسے ضال

وجہ سے نہ مانے اسے مغضوب

بعض لوگوں کو مسئلے کا پتا ہوتا ہے، مگر ضد کی وجہ سے نہیں مانتے۔ جو بندہ جہالت کی وجہ سے نہ مانے اسے ضال

مغضوب کہا ہے ہیں۔ اللہ تعالی نے دونوں کا تذکرہ کیا، کہ نہ ماننا کبھی ضد کی وجہ سے ہوتا ہے اور کبھی جہالت کی وجہ سے ہوتا ہے۔ جن میں جہالت نہ ہو، علم آجائے اور ضد ختم ہو کر محبت آجائے، تو اللہ پاک اس کو ماننے کی توفیق عطا فرما دیتے ہیں۔ اس لیے

تو پہلی آیت الحمد للہ رب العالمین

اللہ تعالی کی صفات بہت بے شمار ہیں، لیکن جب اللہ تعالی نے

فرمایا ہے، تب بھی صفت رب لائے ہیں۔ قل اعوذ برب الناس تو قرآن مجید کا آغاز بھی صفت رب سے ہے اور اختتام بھی صفت رب پر ہے اور آپ حیران ہوں گے کہ عالم ارواح میں بندوں سے جو سوال کیا، وہ بھی صفت رب سے کیا ہے الست بربکم کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ اور دنیا میں بھی جب بندہ اللہ کو رب مانتا ہے، تو اس فرمان الٰہی کے مطابق ان الذین قالوا ربنا اللہ ثم استقاموا

رحمتیں اس پر پڑتی ہیں، جو ربنا اللہ

پوچھتے ہیں کہ من ربك؟

عالم ارواح میں الست بربکم اور عالم دنیا میں ان الذین قالوا ربنا اللہ تو عالم ارواح میں بھی رب کی بات کی ہے، عالم دنیا میں بھی رب کی بات کی ہے اور عالم برزخ میں بھی رب کی بات فرمائی ہے۔ قرآن کا آغاز بھی رب سے ہے اور اختتام بھی رب پر ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ صفتِ رب، اللہ کی وہ صفت ہے، جو تمام صفات کو جامع ہے، کیوں؟ رب کا معنی ہے، آہستہ آہستہ تربیت کرتے ہوئے کامل بنانے والا اور رب ہوتا بھی وہی ہے، جو علیم ہو، رب ہوتا وہ ہے، جو قدیر

رب ہوتا وہ ہے کہ اگر یہ تربیت کے بعد اچھے کام کرے، تو رب جزا دے سکے، اگر تربیت کے بعد اچھے کام نہ کرے، تو سزا دے سکے۔ اللہ کی ساری صفتیں لفظ رب کے اندر آتی ہیں۔ اس لیے اللہ نے ساری صفات کے بجائے ایک صفت ذکر

الحمد للہ رب العالمین۔ العالمین عالَم عالَم

اور عالم برزخ کہ جس میں جسم کا بھی پتا نہیں چلتا اور روح کا بھی پتا نہیں

عالم ارواح، عالم دنیا، عالم برزخ اور :

عالم آخرت۔ ہر عالم کے احکام الگ الگ ہیں۔ عالم ارواح کے احکام بالکل الگ ہیں۔

اس میں صرف توحید کا اقرار ہے۔ جیسا آیت کریمہ سے واضح ہے الست بربکم

برزخ، جو قبر کی زندگی

ہے، اس میں سوال اور جواب روح سے بھی ہیں اور جسم سے بھی۔ اگر جواب ٹھیک

ہوں گے، تو ثواب جسم اور روح دونوں کو ہو گا۔ اگر جواب غلط ہو گیا، تو عذاب جسم اور

روح دونوں کو ہو گا، کیسے ہو گا؟ اس پر میں بات نہیں کرتا، اس پر کھلا وقت چاہیے، جس

میں میں پوری بحث کرتا کہ برزخ میں عذاب کیسے ہوتا ہے، برزخ کی حقیقت کیا ہے،

تو عالم ارواح کا معنی کہ جہاں روحیں

ہیں، جسم نہیں۔ اس دنیا کو عالم دنیا کہتے ہیں دو وجہ سے۔ علماء تو سمجھتے ہیں کہ دنیادنو

سے ہے۔دنو

ہیں کہ دنیادناءۃ سے ہے۔ اس کا معنی ہوتا

ہے گھٹیا پن۔ یہ چونکہ گھٹیا ہے اور آخرت اعلیٰ ہے، اس لیے اس کو عالم دنیا کہتے ہیں۔

برزخ کا معنی ہوتا ہے پردہ۔ عالم برزخ میں سب کچھ ہے لیکن پردے ہوتے

ہیں۔ ہر بندے کو سمجھ نہیں آتا، اس لیے میں اس پر تھوڑی سی بات کرتا ہوں۔ عالم

آخرت کا معنی بعد والا، چونکہ یہ پہلے ہے، وہ بعد میں ہے، اس لیے اس کو عالم آخرت

برزخ کا معنی ہے پردہ۔ یہ میں بات اس لیے سمجھاتا ہوں کہ ہمارے ہاں

جب تک فتنہ پیدا نہیں ہوتا، لوگ فتنہ کا رد سنتے نہیں ہیں۔ جب فتنہ پیدا ہوتا ہے۔ پھر

اس کا علاج کرتے ہیں، تو علاج ہوتا نہیں ہے۔ جب تک فتنہ پیدا نہ ہو، تو اس کا علاج

نہیں کرتے اور جب فتنہ آجائے تو پھر علاج کی کوشش کرتے ہیں۔ علاج ہوتا نہیں

ہے۔ اس لیے فتنے کی آمد سے پہلے پہلے فتنے کا علاج کیا کریں، تاکہ باہر آکر کوئی فتنہ

سمجھنا ہو، تو اس کے لیے نیند کو سمجھیں، اگر نیند سمجھ آئے، تو موت کے بعد کی زندگی سمجھ آتی ہے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نیند پر موت کا لفظ بولا ہے، نیند پر موت کا لفظ بولا ہے، جب رات سونے لگتے ہیں تو دعا مانگتے ہیں اللھم باسمك اموت واحییٰ

پھر دعا میں اموت ؟ انام

اموت۔ جب صبح اٹھتے ہو تو کہتے ہو الحمد لله الذی احیانا بعد اماتنا

الحمد لله الذی ایقظنا بعد ما انامنا اللہ رات آپ نے سلایا تھا تو اب جگا دیا، لیکن کہتے ہیں رات آپ نے مارا تھا اب زندہ کر دیا۔ اتنی بات سمجھ آگئی؟ اس سے پتا

طرح نیند پر موت کا لفظ بولا ہے، اسی طرح موت پر نیند کا لفظ بھی بولا ہے۔ حدیث

حدیث مبارک میں ہے کہ جب بندے کو قبر میں دفن کر دیا جاتا ہے، اس کے بعد اس کے پاس دو فرشتے آتے ہیں، اسے اٹھاتے ہیں، اور اس سے سوال کرتے ہیں: من ربك، من نبیك، ما دینك

؟ بندہ اس سوال کا یہ جواب دیتا ہے ربی الله نبیی

محمد صلی الله علیه وسلم دینی

الاسلام میرا دین اسلام ہے۔ حدیث میں ہے فینادی مناد من السماء

فرشتہ کہتا ہے نم کنومة العروس۔ کیا کہتا ہے؟ نم کنومة العروس

سو جایا مر جا؟ قبر سونے کی جگہ ہے یا مرنے کی جگہ ہے؟ فرشتہ کیا کہتا ہے؟ تو سو جا۔ اور بستر پر رات سونے لگتے ہیں تو کہتے ہیں اللھم باسمك اموت واحییٰ سونے لگے ہیں کہتے ہیں اموت قبر میں ہے لیکن کہتے ہیں نم سو جا، تو جس طرح نیند کے لیے موت کا لفظ استعمال ہوا ہے، اسی طرح موت کے لیے نیند کا لفظ بھی آیا ہے، میں اس پر دلائل پیش کر رہا تھا اگر موت کے بعد کی زندگی سمجھنی ہے تو نیند سمجھیں۔ نیند سمجھ آئے گی، تو موت کے بعد کی زندگی سمجھ آئے گی۔ اگر نیند سمجھ نہ آئے، تو موت کے بعد کی زندگی بھی سمجھ نہیں آئے گی۔

چلیں میں ایک نکتہ پیش کرتا ہوں، فرشتہ پوچھتا ہے من ربك؟ کون ہے؟ من نبیك؟ تیرا نبی کون ہے؟ مادینك؟

ہے ربی اللہ، نبیی محمد صلی اللہ علیہ وسلم، دینی الاسلام نم کنومة العروس ایسے سو جا جیسے پہلی رات کی دلہن سوتی ہے۔ ایک نکتہ پیش کرنے لگا ہوں، اس کو اتنا کہہ دیتا تو سو جا، یہ دلہن کی بات کیوں کی ہے؟ میں لطیفے نہیں سناتا، میرا ہنسانا مزاج ہی نہیں ہے، آپ نے مجھے بہت دفعہ سنا ہے، میں ہنسانے والا مولوی تو نہیں ہوں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دلہن کی طرح سو جا، نبوت کے الفاظ ہیں، میرے آپ کے تو نہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا لفظ مبارک بغیر حکمت کے ہوتا ہی نہیں، اتنا فرماتے نم سو جا، یہ کیوں فرمایا؟ کنومة العروس

نومة علماء سمجھتے ہیں فعلة کا وزن ہے۔ فعلة

میں ایک مرتبہ بیان میں عروس

پہلی رات دلہن سوتی بھی ہے؟ میں ایک بات بڑے افسوس سے کہتا ہوں، ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے الفاظ پر کبھی تعجب اس لیے ہوتا ہے کہ ہم گناہوں پر بہت جری ہوتے ہیں، بے حیائی کے ماحول میں رہتے ہیں، جنسیت کے ماحول میں رہتے ہیں، شہوت کے ماحول میں رہتے ہیں، گناہوں کی آلودگی میں پھنسے ہیں، اس لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا لفظ اس ماحول میں سمجھتے ہیں، تو کیسے سمجھیں؟

اچھی طرح میری بات سمجھیں، جب ہم یہ حدیث مبارک پیش کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین چیزوں کی محبت اللہ نے میرے دل میں ڈالی ہے (آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے الفاظ ہیں) النساء والطیب وجعل قرة عینی فی الصلاة

خوشبو اور عورت اور میری آنکھ کی ٹھنڈک نماز میں ہے۔ جب خوشبو کی بات کریں، تعجب نہیں ہوتا، عورت کی بات کریں، تو بندہ تعجب سے دیکھتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیسے فرمایا، اس کی کیا وجہ ہے؟ ہم اور ماحول میں بات کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ماحول میں بات فرماتے ہیں۔ جس نگاہ سے رسول اللہ نے بات فرمائی ہے، جس زاویے سے حضور نے فرمایا، وہ زاویہ ہمارے دماغ میں نہیں ہے، کیونکہ ہمارے دماغ میں عورت کا خاص مفہوم ہے، اس مفہوم سے ہٹ کر ہم سوچنے کے لیے تیار نہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شرافت، حیا اور عفت کے پیکر ہیں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم جو بات فرمائیں، جب تک حضور کی بات نہ سمجھیں، یہ

کو بیٹی یاد آتی ہے، پوری کائنات انسانی کی عورتیں حضور کی کیا لگتی ہیں؟

توباپ کے دل میں بیٹی کا خیال آنا، کوئی عجیب بات ہے؟ اب اگر کوئی

بیان کرے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ میرے دل میں عورت کی محبت

ہے، چونکہ ہم محبت کا معنی اور سمجھتے ہیں، اس لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے

کمزور پر آدمی شفقت کرتا ہے اور

یہ اس دور کی بات ہے، جب عورتوں کو زندہ در گور کیا جاتا تھا، لوگ اس کو گھٹیا اور

گندی نگاہوں سے دیکھتے تھے، معاشرے کا سب سے گندا فرد عورت شمار ہوتی تھی۔

اس دور میں رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے دل میں خدا نے اس کی

شفقت ڈالی ہے۔ اگر اس کمزور کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دل میں قدر نہ آتی تو اس

کے قدموں میں جنت کے فیصلے کون کرتا؟

اب دیکھیں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کس زاویے سے بات فرمار ہے

ہیں اور ہم اس ماحول میں رہ کر کس زاویے سے بات کو سمجھتے ہیں، تو اپنی اصلاح کرانی

چاہیے ناں! اپنا تزکیہ کرانا چاہیے، اپنی آنکھ کو صاف کرنا چاہیے، اپنے دل کو پاک کرنا

چاہیے، نبوت کے الفاظ میں تعجب ہو تو ایمان کا خطرہ ہو گا۔ میں یہ بات اس لیے عرض

کر رہا ہوں کہ آپ حضرات کا تعجب ختم ہو۔ ویسے جب بات کریں تو بندے کو بہت

زیادہ تعجب ہوتا ہے۔

پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے الفاظ حکمت اور بلاغت وفصاحت سے

خالی نہیں ہیں۔ اتنا فرماتے نم سوجا کنومة العروس

لفظ کیوں لائے؟ وہ تو میں نے ویسے آپ کو سمجھایا کہ ایک طالب علم نے چٹ دی کہ استاد جی! پہلی رات دلہن سوتی بھی ہے؟ وہ سمجھتا ہے کہ نہیں سوتی، بہت ساری باتیں آدمی کو بہت دیر بعد سمجھ آتی ہیں۔ ہم جب بچپن میں تھے، ہمارے گاؤں میں کسی لڑکی کی شادی ہوتی، تو وہ شادی کے موقع پر رو پڑتی، تو ہم سمجھتے، مکار ہے۔ دیکھو! ایسے آنسو بہارہی ہے، خوشی کا دن ہے، رونے کا دن تھوڑا ہی ہے، ہم یہ سمجھتے تھے، اس لیے کہ ہمارے خیال میں شادی کا معنی خوشی ہے۔

لیکن جب بیٹی کے باپ ہوئے، اب پتا چلا کہ لڑکی کیوں روتی ہے، اس وقت نہیں سمجھ آتی، اب سمجھ آتی ہے، کیوں روتی ہے، مجھے اپنا یاد ہے، میری بیٹی کا نکاح جب ہوا، میں اتنا رویا، مجھ سے گھر سے باہر بیٹی دیکھی نہیں جارہی تھی۔ اچھا رخصتی پر رونا نہیں آیا، جب میں نے اپنی بیٹی کی منگنی کی تو میں رو پڑا، اور منگنی دوسرے شہر میں نہیں، اپنے ہی گاؤں میں ایک محلے سے دوسرے محلہ میں تھی، صرف میں بیوی کو گھر بتانے کے لیے گیا کہ فلاں بندے آئے ہیں، میں نے بیٹی کے لیے ہاں کی، میں اپنی زبان سے ہاں نہ کہہ سکا اور رو پڑا، یہ میری کیفیت ہے، جسے لوگ پتھر دل سمجھتے ہیں۔ اچھا، تو جو بیٹی ہمیشہ کے لیے باپ کو چھوڑ رہی ہے، وہ روئے گی نہیں تو کیا کرے گی؟ جو ہمیشہ ماں کو چھوڑ رہی ہے، وہ روئے گی نہ تو کیا کرے گی؟ آپ تو خوش ہوئے ہیں، آپ کے گھر بندہ آیا ہے۔ باپ اپنے بیٹے سے کہہ دے، ہمیشہ کے لیے گھر سے نکل جا، بیٹے کو دکھ ہوتا ہے کہ نہیں؟ میں اس لیے کہتا ہوں، بہت ساری باتیں بہت دیر بعد سمجھ آتی ہیں، جلدی سمجھ نہیں آتیں۔ اس طالب علم نے تعجب سے پوچھا کہ استاد جی! دلہن پہلی رات سوتی ہے؟ میں نے کہا ہاں سوتی ہے۔ فرشتہ کہتا ہے من ربك، من نبيك ما دينك یہ کہتا ہے ربی اللہ، نبیی محمد صلی اللہ علیہ وسلم، دینی الاسلام

یہ تو میں نے اس کے سوال کا جواب دیا ہے، تاکہ حدیث سمجھ آئے۔ یہ جواب نہیں دیں گے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام پر اعتراض پیدا ہو گا۔ اگر اس اعتراض کو ہم نے صاف نہ کیا، کوئی اور بندہ حدیث پر اعتراض کرے گا اور آپ سے حدیث کا انکار کرادے گا۔ اگر ان اعتراضات کی ہم صفائی نہیں کریں گے کہ لوگ محسوس کریں گے، عورتیں محسوس کریں گی، بندے کیا کہیں گے، تو ہماری یہ نسل منکر

یہ اعتراض جب منکر حدیث کرے گا، پہلی رات دلہن سوتی ہے کیا؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: سوجا، تو آپ کو حدیث پر شک ہو گا یا نہیں؟ [شک ہو گا، سامعین] جب جواب دیں گے، اب شک ہو گا؟ اب نہیں ہو گا، کیوں؟ ہم نے جواب جو دے دیا ہے، پہلے پوچھتا ہے تیرا رب کون ہے، نبی کون ہے، دین کیا ہے؟ یہ جواب دیتا ہے، اس نے سب کام مکمل کیا تو کہتا ہے اب سوجا، تو اسی طرح جو دلہن کے ذمہ کام ہے، وہ کرنے کے بعد سوتی ہے۔

اعتراض اور سوال کا جواب پورا دیں، اس میں جھجک سے کام نہ لیں، آپ جھجک سے کام لیں، اور کوئی منکر حدیث ہو گیا، تو جہنم میں جائے گا۔ ایسے موقع پر شرمانا کفر کو جنم دیتا ہے۔ ہر موقع پر حجاب سے کام نہیں لیتے، مسائل کھول کھول کر بیان کرتے ہیں۔ اگر آپ مسائل کھول کر بیان نہیں کریں گے تو امت کفر کے اندر چلی

انکار حدیث کا بہت بڑا فتنہ ہے، ایسے شبہات پیدا کر کے امت کو حدیث کے انکار پر لگاتے ہیں۔ میں نکتہ پیش کرنے لگا ہوں، فرشتہ کہتا ہے نم كنومة العروس یہ دلہن کا لفظ نہ کہتا، ویسے کہہ دیتا سو جا۔ یہ کیوں کہا دلہن کی طرح سو جا؟ اچھی طرح سمجھ لیں۔ اس کی کئی وجوہات ہیں، میں صرف ایک وجہ پیش کرتا ہوں۔ ایک عورت کو آپ دل میں جگہ دیتے ہیں، لیکن اس کو دیکھ نہیں سکتے، خدا سے بھی ڈرتے ہیں، معاشرہ سے بھی ڈرتے ہیں۔ بات سمجھنا! ایک عورت آپ کے دل میں جگہ پاتی ہے، آپ اس کو ہاتھ نہیں لگا سکتے، خدا سے بھی ڈرتے ہیں، معاشرہ سے بھی۔ ٹیلی فون نہیں کرتے۔ خدا سے بھی ڈرتے ہیں، معاشرہ سے بھی۔ میسج نہیں کرتے، خدا سے بھی ڈرتے ہیں، معاشرہ سے بھی۔ اس کے قریب نہیں جاتے، خدا سے بھی ڈرتے ہیں، معاشرہ سے بھی۔ ماں کا ڈر ہے، باپ کا ڈر ہے، خاندان سے بھی ڈرتے ہیں، ان کے محلے والوں کا ڈر ہے، چاہتے ہیں، لیکن ڈرتے ہیں۔

وہی عورت اگر کلمہ نکاح کے ساتھ آجائے۔ وہی باپ ہے، وہی ماں ہے، وہی خاندان ہے، اب کوئی ڈر نہیں، قبر کا خلوت کا گھر ہے، ڈر لگتا ہے۔ ظلمت کا گھر ہے، ڈر لگتا ہے۔ قبر کیڑوں کا گھر ہے، ڈر لگتا ہے۔ جب کلمہ ایمان کے ساتھ جاؤ، اب کوئی ڈر نہیں، جس طرح عورت کو دیکھنے سے ڈر لگتا تھا، کلمہ نکاح کے ساتھ آئے، اب کوئی ڈر نہیں۔ قبر سے ڈر لگتا تھا، کلمہ ایمان کے ساتھ آجاؤ، کوئی ڈر نہیں۔ اب سمجھ آیا؟ دلہن کی بات کیوں فرمائی ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیسی مثال دی ہے، ایسی مثال ہم دے سکتے ہیں؟ ایسی عجیب بات سمجھائی ہے۔

سمجھا سکتا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیوں فرمایا؟ ایسے سو جا جیسے پہلی رات کی دلہن سوتی ہے۔ سمجھ آگئی ہے؟ دیکھیں! میں اور آپ سب اس معاشرہ کے فرد ہیں، کسی خاتون کو اگر چاہیں تو ڈر لگتا ہے کہ نہیں خدا تعالیٰ، خاندان والے، محلے والے، گورنمنٹ والے سب سے ڈر لگتا ہے اور اگر کلمہ نکاح کے ساتھ آجائے، وہی پولیس ہے، وہی قانون ہے، وہی خاندان ہے، اب ڈر نہیں ہے۔ اسی طرح قبر میں جانے سے ڈر لگتا ہے لیکن کلمہ ایمان کے ساتھ جاؤ، تو کوئی ڈر نہیں، جیسے تجھے وہاں ڈر

میں اصل بات یہ سمجھانا چاہ رہا تھا کہ عالم برزخ تب سمجھ آتا ہے کہ جب عالم موت سمجھ آئے، عنوان ذہن میں ہے؟ عالم برزخ سمجھ آتا ہے جب عالم موت سمجھ آئے۔ عالم موت سمجھ آتا ہے، جب عالم نیند سمجھ آئے۔ نیند سمجھ آئے تو برزخ سمجھ آتی ہے۔ نیند میں کیا ہوتا ہے؟ ذرا نیند سمجھیں! نیند میں ہوتا ہے کہ ایک آدمی آپ کے ہاں اسی شہر میں سویا ہوا ہے، کیا نام ہے شہر کا؟ [ینگون، سامعین] اچھا بات سمجھیں! اب یہاں ینگون میں ساتھی آپ کا سویا ہوا ہے، اٹھ کر کہتا ہے، مجھے خواب آیا ہے اور میں نے خواب میں دیکھا ہے، میں مکہ مکرمہ گیا ہوں، عمرہ کیا ہے، بیت اللہ کا طواف کر رہا ہوں، جب میں حجر اسود کے قریب گیا بوسہ لینے کے لیے، ایک بندہ آیا اور اس نے مجھے دھکے دے کر دور کر دیا حجر اسود سے، میری آنکھ کھل گئی۔ اس کی تعبیر کیا ہے؟ آپ اس سے کہیں گے کہ تو یہاں سویا ہوا تھا، تو جھوٹ بولتا ہے، تو وہاں گیا ہی نہیں ہے، کیوں؟ ہم میں سے ہر بندہ سمجھتا ہے، یہ رنگون میں ہے، اس کا جسم طواف

یہ معاملہ روح کے ساتھ آیا ہے، جسم کے ساتھ پیش نہیں آیا لیکن جسم اس کو محسوس کر رہا ہے۔ اس لیے پریشان ہو کر اٹھا اور اٹھ کر خواب کی تعبیر پوچھی۔ تو اس طرح نیند میں جسم کہیں ہوتا ہے روح کہیں ہوتی ہے۔ حالات روح پر آتے ہیں جسم محسوس کرتا ہے۔ اسی طرح جسم قبر میں ہوتا ہے، روح علیین یا سجین میں ہوتی ہے، حالات روح پر آتے ہیں، تو جسم محسوس کرتا ہے۔ ایک آدمی یہاں آپ کے پاس سویا ہوتا ہے اور اٹھ جاتا ہے، آپ اس سے پوچھتے ہیں کیا ہوا؟ کہتا ہے مجھے سانپ نے ڈسا ہے، حالانکہ کوئی سانپ نہیں ہوتا، وہ ڈر رہا ہوتا ہے، اس کے جسم پر خوف ہوتا ہے، اس کے جسم پر کبھی پسینہ آجاتا ہے، کبھی جسم کانپ جاتا ہے، مجھے سانپ نے ڈسا ہے، حالانکہ سانپ تو کوئی نہیں ہوتا۔ وہ سانپ کس کو ڈستا ہے، روح کو۔ اور محسوس کون کرتا ہے؟ [جسم، سامعین] تو جس طرح عالم نوم

اسی طرح عالم برزخ، عالم موت، عالم قبر میں حالات روح پر آتے ہیں اور جسم محسوس کرتا ہے، سمجھ آگیا؟ میں اتنی مثالیں آپ کو دے رہا ہوں۔ میرے پاس مثالوں کا ذخیرہ ہے، یہ صرف سمجھانے کے لیے آپ کو دے رہا ہوں۔

آدمی کو خواب آتا ہے، جب کبھی خواب آئے، تو ہر کسی کو نہ بتائے۔ اس لیے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ہر کسی کو خواب نہ بتائیں۔ صرف حبیب اور لبیب یعنی عقل مند اور دوست سے۔ اس لیے کہ خواب آسمان اور زمین کے درمیان لٹکا ہوتا ہے۔ خواب دینے والا جس طرح خواب کی تعبیر دیتا ہے، اسی

میں نے درمیان میں مسئلہ عرض کر دیا، چلو اس پر میں ایک چھوٹا سا واقعہ پیش کرتا ہوں بانی دارالعلوم دیوبند، قاسم العلوم والخیرات مولانا محمد قاسم نانوتوی رحمہ اللہ کے قریبی عزیز تھے مولانا مظہر نانوتوی رحمہ اللہ۔ ان کو خواب آیا۔ خواب یہ آیا کہ ہندوستان میں ایک شہر ہے بریلی، اس شہر سے کچھ بطخیں اڑیں۔ بطخ سمجھتے ہو؟ جو مرغی کی طرح ہوتی ہے، بطخ اڑی اور ان کے گھر میں آکر گری۔ انہوں نے اس خواب کی تعبیر مولانا قاسم نانوتوی رحمہ اللہ سے پوچھی۔ مولانا محمد قاسم نانوتوی رحمہ اللہ فرمانے لگے کہ تم نے سرکار کو ملازمت کے لیے درخواست دی ہے، تمہاری درخواست منظور ہوگئی ہے اور بریلی شہر سے تمہیں تار آئے گا تمہاری نوکری پکی ہوگئی، اگر ہمیں مٹھائی کھلاؤ تو تمہیں بیس روپے ماہانہ کی ملازمت ملے گی اور اگر مٹھائی نہ کھلاؤ تو گیارہ روپے ماہانہ کی تنخواہ کی ملازمت متعین ہوگی۔ مٹھائی کھلاؤ تو بیس روپے

کا تار وصول ہو جائے گا۔ یہ حضرت نے از راہ محبت فرمایا تھا اور مٹھائی کیوں کھانی ہوتی، کوئی چھوٹا بچہ آپ سے کہتا ہے استاد جی ہمارے گھر آئیں، استاد جی کہتے ہیں مچھلی کھلاؤ گے تو آؤں گا۔ یہ تو محبت کر رہا ہے، مچھلی شاگردوں سے کیا کھانی ہوتی ہے، پیار سے ایسی باتیں کرتے ہیں۔

تو کچھ دنوں بعد وہاں سے تار آگئی اور بیس روپے ماہانہ میں ملازمت مل گئی۔

بتائی ہے اور بیس روپے ماہانہ پر مجھے ملازمت مل گئی ہے، لیکن یہ تعبیر آپ نے بتائی

بطّ کہتے ہیں۔ با

ط مشدد میں دو ط ہیں اور اسی بط کو فارسی زبان میں بط کہتے ہیں با اور ط

ہے، مخفف بط علیہ وسلم نے فرمایا کہ خواب کی تعبیر معبّ

تعبیر کے مطابق ہوتی ہے، جیسی معبر تعبیر دے گا، ویسی ہی تعبیر ہو گی۔ اب میرے

اوپر ہے کہ میں فارسی والی بط دوں یا عربی والی بط۔ ابجد کے اعتبار سے ب

ط کے نو آتے ہیں۔ اگر فارسی والی بطخ لیتا ہوں ب اور ط

گیارہ۔ اگر عربی والی لیتا ہوں تو ط ب اور ط دو ہیں، نو اور دو گیارہ، گیارہ اور

نو بیس۔ تو میری مرضی ہے، فارسی والی بطخ لوں یا عربی والی۔ تم نے کہا مٹھائی کھلاؤں گا۔

میں اسی لیے کہتا ہوں کسی کو خواب آئے، تو مٹھائی لے کر آئے۔ اور میں تعبیر بتاتا ہوں لیکن ہر کسی کو نہیں۔ ہر کسی کو اسی لیے نہیں بتاتا کہ اگر تعبیر بتاؤں گا تو لوگ خواب پوچھتے ہیں، مسائل نہیں پوچھتے۔ اور ہماری خواہش ہوتی ہے مسائل پوچھیں، اس لیے میں تعبیر بتاتا نہیں۔ ہمارے حضرت کی برکت ہے، بحمد اللہ ہماری تعبیر بڑی درست ثابت ہوتی ہے، ہاں جو خاص ساتھی ہو یا سلسلے میں جڑا ہو ان کو بتاتا ہوں۔ پاکستان میں تو میرا مزاج ہے، بیعت لوں گا تو تعبیر بتاؤں گا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ پھر ان کو چسکا لگ جاتا ہے۔ پھر ہر روز ایک خواب آیا، پھر سوتے ہیں پھر خواب آیا۔

الحمد للہ رب العالمین

ہے۔ میں نے کہا عالم

برزخ کو سمجھنا ہے تو عالم نیند کو سمجھو اور جب نیند سمجھ نہیں آئے گی تو برزخ سمجھ نہیں آئے گی۔ دنیا میں احوال جسم پر آتے ہیں، روح محسوس کرتی ہے۔ برزخ میں احوال روح پر آتے ہیں اور جسم محسوس کرتا ہے۔ اچھی طرح بات سمجھیں! دنیا میں احوال

جسم افزا۔ کہتے کیا

ہیں؟ روح افزا پیا جسم نے ہے، مزہ روح نے لیا ہے۔ تو جس طرح دنیا میں جسم پر حالات آتے ہیں اور روح محسوس کرتی ہے۔ برزخ میں روح پر حالات آتے ہیں اور جسم محسوس کرتا ہے۔ بات سمجھ آرہی ہے؟ اور یہ سمجھ کیسے آئے گا، اس کے لیے نیند

برزخ میں حالات روح پر آتے ہیں اور محسوس بدن کرتا ہے۔ فرق کیا ہے؟

کہ دنیا میں جسم پر جو آثار محسوس ہوتے ہیں وہ نظر آتے ہیں اور قبر میں جسم جو محسوس

کہتے ہیں تو اندھا ہے، یہ نہیں کہتے بے ایمان ہے۔ بات سمجھ آ رہی ہے؟ اب دیکھو آدمی سویا ہوا ہے اور روح نکل گئی ہے، عمرہ کے لیے گئی ہے، روح مکہ مکرمہ دیکھ رہی ہے، روح طواف کر رہی ہے، لیکن جسم بھی زندہ ہے کہ نہیں؟ بولو کیسے زندہ ہے آنکھ سے نظر آیا ہے، پیٹ اوپر ہو رہا ہے، نیچے ہو رہا ہے۔ پتا چل رہا ہے، اس کی نبض چل رہی ہے، ہاتھ لگاؤ تو پتا چلتا ہے، جیسے ہی سانس نکل کر گیا ہے، اس کو زندہ مانا۔ یہ قرآن میں نہیں لکھا ہوا، نظر آ رہا ہے۔ بات سمجھتے ہیں؟

جب آدمی سویا ہوتا ہے، روح جسم میں نہ بھی ہو، سیر کے لیے چلی جائے، زندہ مانتے ہو ناں! کیوں مانتے ہو؟ نظر آ رہا ہے۔ اگر کوئی بندہ کہے زندہ نہیں ہے کیا کہو گے؟ بے ایمان کہیں گے؟ یا کہیں گے اندھا ہے؟ تجھے نظر نہیں آ رہا؟ بات سمجھ آ رہی ہے؟ دنیا میں اگر کوئی سویا ہوا ہو، کوئی بندہ کہے زندہ نہیں ہے، تو کیا کہو گے؟ بولو ناں! یہ تو نہیں کہتے کہ بے ایمان ہے، کہتے ہیں تو اندھا ہے، تجھے نظر نہیں آ رہا، دیکھ سانس لے رہا ہے، تجھے نظر نہیں آ رہا، دیکھ اس کی نبض چل رہی ہے، اندھا کہیں گے۔

لیکن جو قبر میں زندہ ہے اس کو زندہ نہ مانیں تو پھر اس کو نہیں کہیں گے تو اندھا ہے، کیوں نظر نہیں آ رہا؟ اس لیے کہ وہ آنکھ سے نظر نہیں آ رہا بلکہ وہ نظر آ رہا ہے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کی وجہ سے۔ جس چیز کا پتا آنکھ سے چلے اس کو نہ مانے تو اندھا کہتے ہیں اور جس کا پتا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان سے چلے اس کو نہ مانے اس کو بے ایمان کہتے ہیں۔ تو ہم نے سونے والے کو زندہ مانا ہے آنکھ کی وجہ سے اور مرنے والے کو زندہ مانا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کی وجہ سے۔ آنکھ دھوکہ کھا سکتی ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان دھوکہ نہیں کھا سکتی۔ آنکھ دھوکہ کھا سکتی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان؟ [دھوکہ نہیں کھا سکتی،

میں ایک مثال دینے لگا ہوں۔ میری عادت ہے، میں دلیل کے ساتھ مثال چلاتا ہوں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ عالم دلیل سے قائل ہو گا، غیر عالم مثال سے قائل ہوتا ہے۔ یہ ضابطہ یاد رکھیں! عالم دلیل سے قائل ہوتا ہے اور غیر عالم؟ میں جاہل نہیں کہہ رہا آپ میں سے بہت سارے ناراض ہونے لگیں گے، میں جاہل تھا؟ میں نے ایف اے کیا ہے، بی اے کیا، مجھے جاہل کہہ دیا۔ جاہل میں نہیں کہہ رہا میں کہہ رہا ہوں غیر عالم۔ غیر عالم کہنے میں تو بے ادبی نہیں ہے ناں؟ انجینئر ہے، غیر عالم ہے، جاہل نہیں لیکن عالم تو نہیں ہے ناں؟ اس لیے عالم کو قائل کرتے ہیں، دلیل سے اور غیر عالم کو قائل کرتے ہیں مثال سے۔

میں مثال دینے لگا ہوں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان دھوکہ نہیں کھاتی۔ آنکھ دھوکہ کھاتی ہے۔ آپ مجھے دیکھ رہے ہیں، میرے سر پر سفید پگڑی ہے، آپ نے دیکھا میں نے کپڑے پہنے ہوئے ہیں۔ آپ سمجھتے ہیں کہ مولانا صاحب پگڑی پہنتے ہیں، اب کل آپ کسی بندے کو دیکھیں کہ کسی گاڑی پر جارہا ہے۔ تین بندے ساتھ ہیں اور سفید پگڑی پہنی ہے۔ ایک لڑکا موٹر سائیکل دوڑا کر پیچھے سے آتا ہے۔ ایسے دیکھتا ہوا، کیا ہوا؟ کہتا ہے اوہ۔۔ مجھے غلط فہمی ہو گئی ہے، میں نے سمجھا مولانا صاحب ہیں، یہ تو کوئی اور ہے۔ آنکھ دھوکہ کھاتی ہے کہ نہیں؟ ایسے کئی بار ہوتا ہے آپ فون سنتے ہیں، السلام علیکم! بشیر بھائی کیا حال ہے؟ وہ کہتا ہے نہیں نہیں میں تو خلیل ہوں۔ اوہو۔۔ میں بھول گیا ہوں۔ خلیل بھائی کیا حال ہے؟ کہتے ہیں ناں؟ دیکھو کان کو دھوکہ لگ گیا، کان دھوکہ کھاتا ہے، آنکھ دھوکہ کھاتی ہے، اس لیے اللہ نے کان اور آنکھ پر ایمان کا

نہیں کھاتی، خدا نے ایمان کا

معیار نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان پر رکھا ہے۔ بات سمجھ آرہی ہے ناں؟ برزخ کو سمجھنا ہے تو نیند کو سمجھ لو۔ نیند سمجھ آگئی تو برزخ سمجھ آگئی۔ مردہ بدن پاس پڑا ہوا ہے، سوال جواب ہو رہا ہے، حساب کتاب چل رہا ہے، اگر نیک ہے تو جنت کے مزے لے رہا ہے، اگر برا ہے تو ٹھکائی ہو رہی ہے۔ مجھے نہیں سمجھ آرہی، سویا ہوا ہو، اس کے حالات تجھے سمجھ نہیں آتے تو موئے کے حالات کیسے سمجھ آئیں گے؟ بات سمجھ آگئی ناں؟ سونے والے کے حالات تجھے سمجھ نہیں آتے۔ تو جو مرا ہے اس کے حالات تجھے

تو سونے والے کے حالات بھی نہیں سمجھتا، مرنے والے کے حالات بھی نہیں سمجھتا، حالات اس پر بھی ہیں، پتا نہیں چلتا۔ حالات اس پر بھی ہیں، پتا نہیں چلتا۔ یہ محسوس ہوتے ہیں، آنکھ کی وجہ سے۔ وہ محسوس ہوتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کی وجہ سے۔ اس لیے ہم عالم دنیا بھی مانتے ہیں، عالم برزخ بھی مانتے ہیں، میں آخری بات کہتا ہوں، آخری اس لیے کہہ رہا ہوں کہ مجھے اچانک خیال آیا کہ خواتین بھی بیٹھی ہیں اور آپ حضرات بھی کہیں تھک نہ جائیں، ان شاء اللہ پھر سہی۔

میں ایک آخری بات سمجھانے لگا ہوں، لفظ برزخ کو سمجھیں، برزخ کا معنی ہے پردہ۔ امی عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کو جو بندہ دنیا میں پہچانتا تھا جب قبر پر آکر سلام کہتا ہے تو قبر میں میت اس آنے والے کو

ہیں السلام علیکم یا اهل القبور ہم نے سلام کیا اور میت نے سن لیا۔ اگر میت نے جواب دیا تو ہم نے نہیں سنا۔ لوگ کہتے ہیں کہ میت نے بھی نہیں سنا، دلیل کیا ہے، اگر وہ جواب دیں، تو ہم نے نہیں سنا، تو جب ہم نہیں سنتے تو اس نے کیسے سنا؟ بات سمجھ آرہی ہے؟ اچھا اگر آدمی قبر پر آیا ہے اور قبر میں میت نے پہچان لیا ہے ہم نہیں مانتے، کیوں؟ ہمیں نہیں پتا چلا کہ اس کے اندر کیا ہوا ہے، اس کو کیسے پتا چلا؟ اچھی طرح بات سمجھیں! اس پر میں جواب دینے لگا ہوں، اس عالم کا نام برزخ ہے۔

قرآن کریم میں ہے:

وَمِنۡ وَرَآئِہِمۡ بَرۡزَخٌ اِلٰی یَوۡمِ یُبۡعَثُوۡنَ

جو بندہ فوت ہو کے قبر میں چلا جاتا ہے، اس کے پیچھے پردہ ہے، برزخ کا معنی ہے پردہ، اس کے پیچھے پردہ ہے، آپ بازار میں جائیں، امی جان آپ کے ساتھ ہیں، آپ والدہ کو لے کر بازار میں ڈاکٹر صاحب کے پاس گئے دوا لینے کے لیے، امی نے پردہ کیا ہوا ہے، اب بتائیں، والدہ آپ کے ساتھ ہے، اس کے چہرے پر پردہ ہے، تو ڈاکٹر آپ کی والدہ کا چہرہ دیکھتا ہے یا دیکھ سکتا ہے؟ [نہیں۔ سامعین] اور امی جان ڈاکٹر کا چہرہ والدہ کا چہرہ ڈاکٹر کیوں نہیں دیکھ رہا کہ یہ پردے
میں ہے اور ڈاکٹر کا چہرہ والدہ کیوں دیکھ رہی ہے کہ ڈاکٹر پردے میں نہیں ہے۔ تو پتا

حالات معلوم کرلے، تو برزخ کے خلاف نہیں ہے۔ سمجھ آگئی بات؟ والدہ پردے میں ہے، دوکانداران کو نہ دیکھے، تو ٹھیک ہے اور والدہ کو پردے میں سے دوکاندار نظر آئے تو یہ خلاف نہیں ہے کیونکہ والدہ پردے میں ہے، دوکاندار نہیں۔

پردے میں میت ہے، ہم پردے میں نہیں ہیں۔ میت کے پیچھے پردہ ہے، امی کے آگے پردہ ہے، اس لیے آگے والا اس کو نہیں دیکھ سکتا۔ یہ اس کو دیکھتی ہے، میت کے پیچھے پردہ ہے، میت پردہ میں ہے، ہم پردے میں نہیں ہیں، ہم نے سلام کیا اور میت نے سن لیا، کیوں؟ ہمارا السلام علیکم

دے، ہم نہ سنیں کیونکہ میت پردے میں ہے، اس کا جواب دینا پردے میں ہے، ہم قبر پر جائیں، اس کو پتا چل جائے تو ہو سکتا ہے اس لیے کہ ہمارا جانا پردے میں نہیں ہے، وہ سن لے، ہمیں پتانہ چلے تو ٹھیک ہے کیونکہ وہ پردے میں ہے۔ صحیح بخاری میں روایت موجود ہے:

الْعَبْدُ إِذَا وُضِعَ فِي قَبْرِهِ وَتُوُلِّيَ وَذَهَبَ أَصْحَابُهُ حَتَّى إِنَّهُ لَيَسْمَعُ قَرْعَ نِعَالِهِمأَتَاهُ مَلَكَانِ فَأَقْعَدَاهُ فَيَقُولَانِ لَهُ مَا كُنْتَ تَقُولُ فِي هَذَا الرَّجُلِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَقُولُ أَشْهَدُ أَنَّهُ عَبْدُ اللَّهِ وَرَسُولُهُ فَيُقَالُ انْظُرْ إِلَى مَقْعَدِكَ مِنَ النَّارِ أَبْدَلَكَ اللَّهُ بِهِ مَقْعَدًا مِنَ الْجَنَّةِ

میت ان کے چلتے ہوئے جوتوں کی آواز کو سنتی ہے۔ کیوں؟ ہمارے جوتوں کی آواز پردے میں نہیں ہے وہ میت پردے میں ہے، اس لیے میت محسوس کرتی ہے لیکن ہمیں پتا نہیں چلتا، اقعداہ میت کو بٹھا دیتے ہیں، میت بیٹھتی ہے، ہمیں پتا نہیں چلتا، اس

امام بخاری باب کلام المیت

إِذَا وُضِعَتْ الْجِنَازَةُ فَاحْتَمَلَهَا الرِّجَالُ عَلَى أَعْنَاقِهِمْ فَإِنْ كَانَتْ صَالِحَةً قَالَتْ قَدِّمُونِي قَدِّمُونِي وَإِنْ كَانَتْ غَيْرَ صَالِحَةٍ قَالَتْ يَا وَيْلَهَا أَيْنَ يَذْهَبُونَ بِهَا يَسْمَعُ صَوْتَهَا كُلُّ شَيْءٍ إِلَّا الْإِنْسَانَ وَلَوْ سَمِعَهَا الْإِنْسَانُ لَصَعِقَ

اس حدیث میں ہے فان کانت صالحۃ اگر میت نیک ہے تو کہتی ہے قدمونی قدمونی ، اور اگر بری ہے تو کہتی ہے مجھے کہاں لے کر جارہے ہو؟ رکو۔ یہ بول رہا ہے لیکن ہمیں پتا نہیں چلتا، اس کا بولنا بھی پردے میں ہے، اس کا سننا بھی پردے میں ہے، عالم برزخ کا معنی پردے والا عالم۔ وہ پردے میں ہے ہم پردے میں نہیں ہیں۔ ہمارے احوال کا میت کو پتا چل جائے یہ برزخ کے خلاف نہیں ہے اور میت کے احوال کا ہمیں پتا چلے، یہ برزخ کے خلاف ہے۔ اس لیے برزخ والوں کے حالات باہر والوں کو نہیں پتا چلتے، باہر والوں کے حالات کا پتا چل

کہ کبھی کبھی پتا چل جاتا ہے، کبھی کسی کو ولی کو پتا چلے، تو اس کو خرق عادت کہتے ہیں، جو کرامت ہوتی ہے، یہ عادت کے مطابق نہیں۔ کرامت کو کرامت تک محدود رکھتے ہیں، اس کو آگے نہیں چلائیں گے۔ توجہ رکھنا! آدمی سویا ہوا ہو، آپ پاس بیٹھے ہیں، اعتکاف میں بیٹھے ہیں اور وہ اٹھ کر کہتا ہے کہ آج میں نے

آپ سورہ یس کی تلاوت کریں، وہ آواز سنے اور اٹھ جائے، یہ ہو سکتا ہے۔ آپ بولیں اور وہ سنے اور اٹھ جائے۔ ایسا ہوتا ہے۔ وہ بولے اور آپ نہ سنیں، ایسا ہوتا ہے۔ تو اس لیے سونے والا تلاوت کرتا ہے، پاس بیٹھنے والے کو پتا نہیں چلتا اور بیٹھنے والا تلاوت کرتا ہے، وہ سنتا ہے اور اٹھ جاتا ہے۔ اس لیے نیند کے حالات سمجھ آئیں تو موت کے احوال سمجھ آتے ہیں۔ میں یہ بات اس لیے کہہ رہا ہوں اگر آج یہ باتیں نہیں سمجھیں گے کل کو منکر حدیث آکر آپ کے عقیدے پر اعتراض کرے گا، حدیثوں پر اعتراض کرے گا پھر امت میں بگاڑ پیدا ہو گا۔ ہماری محنت کا اصل میدان عقائد ہیں اس لیے ہم عقائد پر زیادہ زور دیتے ہیں۔ اللہ تعالی ہم سب کے عقائد کی اصلاح فرمائے۔

میں نے الحمد للہ رب العالمین تھوڑی سے گزارش پیش کی ہے، اللہ ہم سب کی اصلاح فرمائے۔ باقی پھر ان شاء اللہ چلیں گے عشاء کے بعد۔ کل بھی بیان ہے، پرسوں بھی بیان ہے، مزید ان شاء اللہ باتیں آتی رہیں گی۔ ہماری خواہش ہو گی کہ عقائد کے حوالے سے گفتگو بھی کریں اور جو اشکالات ہیں ان کو بھی صاف کریں۔ میں ان شاء اللہ اگلی مجلس میں سورۃ الفاتحہ کے مضمون بھی بیان کروں گا اور سورۃ الفاتحہ پر مسئلہ بھی تفصیل سے بیان کروں گا کہ جب امام قراءۃ کرے، تو مقتدی کو کرنی چاہیے کہ نہیں؟ اس پر بھی بات کروں گا۔ قرآن بھی پیش کروں گا، حدیث بھی پیش کروں گا اور عقلی دلائل سے بھی ثابت کروں گا کہ امام کے پیچھے قراءۃ کرنا عقل کے بھی خلاف ہے، نقل کے بھی خلاف ہے، دونوں کے خلاف ہے۔ ان شاء اللہ بات چلے گی۔ اللہ مجھے اور آپ کو شریعت کو سمجھ کر اس کے مطابق عمل کرنے کی

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

اصحابِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

الحمد للہ وحدہ لا شریك له والصلوۃ والسلام علی من لا نبی بعدہ

اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قال اللہ تعالی: رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ

قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم: مَا أَنَا عَلَيْهِ وَأَصْحَابِي

ن والمسانید

اللھم صلی علی محمد وعلی اٰل محمد کما صلیت علیٰ ابراھیم وعلی اٰل ابراھیم انك حمید مجید اللھم بارك علی محمد وعلی ال محمد کما بارکت علی ابراھیم وعلی ال ابراھیم انك حمید مجید

جا زندگی مدینہ سے جھونکے ہوا کے لا
شاید کہ حضور خفا ہیں منا کے

ہم بھی اپنا چہرہ باطن سنوار
سے آئینے عشق و وفا کے لا

دنیا مسلماں پہ بہت ہی تنگ ہوگئی
فاروق اعظم کے دور کے وہ نقشے اٹھا کے لا

جن سے گناہ نے ہمیں محروم کردیا
وہ زاویے شرم وحیا کے لا

مغرب کی گلیوں میں مارا مارا نہ پھر اے گدائے
دروازہ علم سے خیرات جا کے

دوکاندار مال جمع بھی کرتے ہیں اور جو مال صبح سے شام تک جمع کیا ہے، اس کو محفوظ بھی کرتے ہیں۔ اموال کو جمع کرنے کا طریقہ اور ہوتا ہے جمع شدہ اموال کو محفوظ کرنے کا طریقہ اور ہوتا ہے۔ امت کو ایمان اور اعمال پہ لانے کا طریقہ اور ہوتا ہے اور جب آجائے تو ان کے ایمان اور اعمال کو بچاتے ہیں، دلائل سے۔

ادْعُ إِلَى سَبِيلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ

وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ

کی ہے۔ ہمارے بعض کم علم حضرت جن کے پاس علم نہیں ہوتا مگر علم پہ ناز بہت کرتے ہیں، ان کو لانے کا طریقہ تو معلوم ہوتا ہے، بچانے کا نہیں ہوتا۔ اس لیے جب کوئی آدمی بچانے کی بات کرے تو کہتے ہیں بچانا غلط ہے۔ حالانکہ لانا بھی ضروری ہے اور

ختم کر دیتے ہیں۔ ہمارے بہت سارے احباب جن پر ہمیں بہت تعجب ہوتا ہے ان

، علماء سنتے نہیں ہیں اور میرے جانے کے بعد

پھر وہی کہتے ہیں کہ اس کی کیا ضرورت تھی؟ اگر انہوں نے بات سنی ہوتی، تو پھر کبھی بھی اعتراض نہ ہوتا، جب سنیں گے نہیں تو اعتراضات تو ہوں گے۔اس کو میں دوسرے لفظوں میں یوں کہتا ہوں کہ بہت سارے احباب دنیا بھر میں ایسے ہیں کہ

کے بارے میں سنے، تو ذہن اور ہوتا ہے اور جب کسی کو سنے تو

ذہن اور ہوتا ہے۔ میں اس پر بھی دلیل پیش کرتا ہوں۔ میں اللہ کا شکر ادا کرتا ہوں، میرے ڈیڑھ گھنٹے کے بیان میں آپ ایک جملہ بھی ایسا ثابت نہیں کریں گے کہ جس پر دلیل نہ ہو۔ میں نے صبح بیان کیا، آپ اس کو دوبارہ سنیں، ابھی آپ کو نہیں مزا آئے گا، ابھی تو بیان سارا سبحان اللہ اور ماشاء اللہ کی نذر ہو جاتا ہے۔ آپ اس کی

مل ہوتا ہے۔ ایک ایک جملے پر میں دلیل لاتا ہوں، ایک ایک لطیفے پر دلیل، ایک ایک مثال پہ دلیل لاتا ہوں، بغیر دلیل کے ایک جملہ بھی میں نہیں کہتا۔ تو میں یہ بات کہہ رہا تھا آدمی جب کسی کو سنے، تو ذہن اور ہوتا ہے اور جب کسی کے بارے میں سنے،

جس کا ترجمہ میں اپنے لفظوں میں کر رہا

ہوں، {عوامی زبان میں} کہ اماں جان آپ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا ہے یا محمد کے بارے میں سنا ہے؟ تو اس نے کہا میں نے محمد کو تو نہیں سنا، ان کے بارے میں سنا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کے بارے میں سنا، وہ میں ہی ہوں، اگر اجازت ہو تو کچھ مجھے بھی آپ سن لیں تو جب بوڑھی نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں سنا، مکہ چھوڑ کے جا رہی تھی، جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا، تو مکہ واپسی آ رہی تھی۔ کسی کے بارے میں سنیں تو ذہن اور ہوتا ہے اور جب کسی کو سنیں تو

ادھر تیرا قیاس ہوتا ہے، تو

قیاس کے مقابلے میں حدیث کو چھوڑ دیتا ہے اور قیاس کو لے لیتا ہے،اس سے ہمیں تکلیف ہوتی ہے۔

حضرت امام صاحب نے فرمایا، جس کا ترجمہ میں اپنی زبان میں کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے سنا ہے یا میرے بارے میں سنا ہے؟ انہوں نے کہا تجھے نہیں سنا، تیرے بارے میں سنا ہے ۔ حضرت امام صاحب نے فرمایا پھر آپ ذرا مجھے سنیں! میں آپ سے پوچھتا ہوں، مجھے ایک بات بتائیں، عورت کو جب ماہواری کا خون آتا ہے، حالت حیض میں، ان دنوں میں عورت نماز نہیں پڑھتی، میں سارے لفظوں کو کھول کے بتاتا ہوں، پھر بعد میں الجھن نہیں ہوتی تاکہ مسئلہ سمجھ میں آئے، مسائل بیان کرنے میں حجاب سے کام نہ لیا جائے۔

آپ یہ بتائیں! ان دنوں میں عورت نماز بھی نہیں پڑھتی، روزہ بھی نہیں رکھتی اور بعد میں روزے کی قضا کرتی ہے اور نماز کی قضا نہیں کرتی۔ میرا قیاس کہتا ہے کہ روزے کی قضانہ کرے اور نماز کی قضا کرے، کیوں؟ اس لیے کہ نماز اہم ہے بنسبت روزے کے۔ یہ نماز کی قضا کرے روزے کی قضانہ کرے، یہ میرا قیاس کہتا

د کی وجہ سے۔ چونکہ انہوں نے فرمایاہے کہ روزے کی قضا کرے اور نماز کی قضانہ کرے، تو میں نے قیاس کو چھوڑاہے، حدیث کی وجہ سے۔

مجھے آپ یہ مسئلہ بتائیں کہ جب کوئی شخص فوت ہو جائے اور اس کا وارث بیٹا بھی ہو اور بیٹی بھی ہو، میرا قیاس کہتا ہے کہ بیٹی کو دو گنا مال ملے اور ایک گنا بیٹے کو، کیونکہ بیٹا طاقتور ہے، باہر جاکر کما لے گا، لڑکی کمزور ہے، یہ کہاں جائے گی؟ تو طاقتور کو تھوڑا دو اور کمزور کو زیادہ پیسہ دو۔ لیکن آپ کے ناناجی کے قرآن اور حدیث نے بتادیا کہ نہیں نہیں، مرد کو دو گنا دو، عورت کو ایک گنا دو، تو میں نے قیاس کو چھوڑا ہے آپ کے ناناجی کے فرمان کی وجہ سے۔

اچھا آپ مجھے مسئلہ بتائیں۔ ایک طرف چھوٹا پیشاب ہے اور ایک طرف مادہ منویہ ہے، ان میں نجاست کی غلاظت کس میں زیادہ ہے؟ انہوں نے کہا جی پیشاب میں، اچھا پھر قیاس کہتا ہے کہ جب پیشاب کرے تو اس کی وجہ سے آدمی

نے فرمایا کہ منی کی وجہ سے غسل ہوتا

ہے اور پیشاب کی وجہ سے استنجا اور وضو ہے۔ تو میں نے قیاس کو چھوڑا آپ کے ناناجی

میں جب کسی علاقے میں جاؤں تو میری خواہش ہوتی ہے کہ اس علاقے کے علماء اور مشائخ کی خدمت میں حاضری دوں تاکہ ان کے سامنے بات رکھوں کہ ہم کیا کہنا چاہتے ہیں اور ہمارا مسئلہ کیا ہے؟ ہمیں کون سی تکلیف ہے ہمیں کون سا درد ہے جو پوری دنیا میں پھرتے ہیں۔ ہمارا درد بھی تو سمجھو۔ شوق سے تو کوئی آدمی بھی گھر سے بے گھر نہیں پھرتا، شوق سے کوئی آدمی چوبیس گھنٹے سفر نہیں کرتا۔

اس دور میں ہر بندہ مشغول ہے، آپ کے مدارس ہیں، میرا بھی مستقل مدرسہ ہے "مرکز اہل السنت والجماعت" کے نام سے۔ میری مستقل خانقاہ ہے، میری مستقل زمین اور میرا کاروبار ہے۔ سب کچھ میں چھوڑتا ہوں، تمہاری ایک بیوی ہے، میری تین ہیں اور میں سب کچھ چھوڑ کے دوڑتا ہوں تو میں پاگل تو نہیں ہوں کہ میں گھر سے بے گھر پھرتا ہوں۔ آخر کوئی درد تو ہے جو ہمیں چین سے نہیں بیٹھنے دیتا۔ ہمارے اس درد کو سمجھو، پھر اگر ہماری بات غلط ہو تو ہمیں سمجھاؤ کہ ہم اپنے آپ کی اصلاح کر لیں اور ہم اپنے آپ کو ٹھیک رخ پہ لے کر چلیں۔ خیر اللہ ہمیں بات سمجھنے کی توفیق عطا فرمائیں۔ میں جو عنوان سمجھانا چاہ رہا تھا کہ امت کو ایمان پہ لانا اور امت کا

اُدۡعُ   جادل۔ اُدۡعُ

جادل

آپ جادل   بِالَّتِي هِيَ أَحۡسَنُ

اُدۡعُ   بِالۡحِكۡمَةِ وَالۡمَوۡعِظَةِ الۡحَسَنَةِ

فَإِنْ آمَنُوا بِمِثْلِ

مَا آمَنْتُمْ بِهِ فَقَدِ اهْتَدَوْا اس آیت میں بتایا کہ عقائد میں صحابہ حجت ہیں

وَالسَّابِقُونَ الْأَوَّلُونَ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنْصَارِ وَالَّذِينَ اتَّبَعُوهُمْ بِإِحْسَانٍ

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ

فَإِنْ آمَنُوا بِمِثْلِ مَا آمَنْتُمْ بِهِ فَقَدِ اهْتَدَوْا

دورانِ بیان

نے آپ کے متن پر حاشیہ

چڑھایا ہے، بڑے متن لکھتے ہیں، چھوٹے حاشیہ چڑھاتے ہیں۔ انہوں نے فرمایا سناؤ! میں نے کہا جب ماں کی گود میں بچہ سوئے، ماں ڈانٹتی تو نہیں، کہتی ہے تو گلی میں کھیلتا کیوں نہیں سوتا؟ میری گود میں سوتا ہے۔ماں بچے کو ایک جملہ کہتی ہے کہ بیٹا دودھ پی لو، پھر سو جانا۔ میں نے کہا ہمارے بیان میں کوئی سو جائے، ہم ڈانٹتے تو نہیں ہیں لیکن یہ

ذوقِ سلیم چا

ربی زدنی علما

اللهم بارك لنا فيه وزدنا منه۔

آپ سے تقاضا رکھا ہے، نہ زندگی بھر

آپ سے رکھیں گے انشاء اللہ۔ یہ تقاضوں کا تو مسئلہ ہی نہیں ہے، ہمارے تو مفادات نہیں ہیں۔

ہم تو اس درد کو لے کر آئے ہیں کہ برمارنگون کے علماء ان مسائل کو سیکھیں اور حلوے سے آسان ان مسائل کو لیں، اب اگر کوئی سونا بھی چاہے، سو بھی جائے تو ہم انہیں پیار سے اٹھائیں گے، کوئی ساتھی آپ کا سوئے تو کیا کہو گے؟ اٹھو بھائی تھوڑا سا دودھ پی لو، تو وہ ناراض نہیں ہوتا میں آپ کو وہ طریقہ بتا رہا ہوں جسے آپ عوام میں بیان بھی کریں اور عوام پریشان بھی نہ ہو، عوام الجھن کا شکار بھی نہ ہو۔ آپ عوام کو جگا بھی دیں تو بھی عوام برا محسوس نہ کرے۔ یہ خدا کی نعمت ہے، اللہ کسی کسی کو عطا فرماتے ہیں۔ تو صحابہ کرام عقائد میں بھی حجت ہیں اور اعمال میں بھی حجت ہیں۔

فَإِنْ

آمَنُوا بِمِثْلِ مَا آمَنْتُمْ بِهِ فَقَدِ اهْتَدَوْا

حکیم الامت تھانوی رحمہ اللہ کا جملہ سمجھنا۔ حکیم الامت کے جملے کی وضاحت انہوں نے خود فرمائی، فرمانے لگے اگر ان کو بیان سمجھ آگیا تو اچھا، جو مسئلہ میں سمجھانا چاہتا تھا، سمجھ آگیا، نہیں سمجھ آیا تو بہت اچھا، یہ گمراہ اس لیے ہوتے ہیں جب یہ سمجھتے ہیں کہ مانا ہم مولوی نہیں ہیں، لیکن کچھ نہ کچھ ہم نے بھی پڑھا ہے، مانا ہم عالم نہیں ہیں، لیکن ہمارا مطالعہ بھی کم نہیں ہے۔ آج ان کو پتا چلا ان کا علم کتنا ہے اور میرے علم کی سطح کیا ہے۔

اب ان کو مسئلہ سمجھ تو نہیں آیا لیکن ذہن میں آیا کہ اشرف علی تھانوی کا علم بڑا ہے، اب یہ گمراہ نہیں ہوں گے اب یہ مجھ سے ٹکر نہیں لیں گے، کبھی گمراہ نہیں ہوں گے، اگر مسئلہ سمجھ آگیا تو اچھا ہوا، مسئلہ سمجھ آیا۔ اگر سمجھ نہیں آیا، چلو یہ تو سمجھ آگیا کہ اشرف علی تھانوی کا علم کیسا ہے، اب ہم سے ٹکرائیں گے نہیں، اور یہ کبھی گمراہ بھی نہیں ہوں گے۔ اس لیے سمجھ آیا تو اچھا، نہ سمجھ آیا تو بہت اچھا۔ آپ یہ تو کہیں گے کہ مولانا الیاس گھمن ایسی باتیں کرتے ہیں کہ ہمیں سمجھ نہیں آتیں، یہ تو نہیں کہیں گے جاہل آدمی ہے، اس کو بلانے کی کیا ضرورت ہے؟ یہ تو نہیں کہیں گے ناں! یہی کہیں گے اس کو نہ بلاؤ، فائدہ نہیں ہوتا، لیکن یہ نہیں کہیں گے جاہل

وَالسَّابِقُونَ الْأَوَّلُونَ مِنَ
الْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنصَارِ وَالَّذِينَ اتَّبَعُوهُم بِإِحْسَانٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ

وبه قال حدثنا احمد بن اشكاب قال حدثنا محمد بن هذيل عن

عمارۃ بن القعقاع عن ابی زرعہ عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ چار پر بحث کرسکتے ہیں ۔کیوں

الصحابۃ کلھم عدول

؟ دیکھو فلاں موقع پر غلطی ہے، فلاں غلطی ہے، فلاں غلطی ہے۔ بات اچھی طرح سمجھنا! صحابہ تنقید سے بالاتر کیوں ہے؟ اس لیے ہم نے ان کو جو صحابی مانا ہے، عقیدے کی بنیاد پر۔ اگر صحابی کا عقیدہ ٹھیک نہیں، وہ صحابی ہے ہی نہیں۔

صحابی کون ہوتا ہے؟ جسے حالت ایمان میں صحبت پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم ملے۔ ایمان وہ نہیں ہے جس کا عقیدہ غلط ہو، ایمان وہ ہے جس کا عقیدہ ٹھیک ہو۔ اگر عقیدہ ٹھیک نہیں تو صحابی ہے ہی نہیں اور اگر عمل میں فرق ہو تو صحابیت میں فرق آتا ہی نہیں۔ نہیں سمجھے؟ اگر عقیدہ ٹھیک نہیں ہے تو صحابی نہیں ہے۔ صحابی کون ہے؟ عقیدہ ٹھیک ہو اور صحبت پیغمبر ملے۔ اگر عمل میں کوتاہی ہے تو ہم نے عمل کی بنیاد پر صحابی مانا ہی نہیں۔ صحابی مانا کہ عقیدہ ٹھیک ہو اور صحبت پیغمبر ہو۔ اگر عقیدہ ٹھیک نہیں

وَالْأَنْصَارِ وَالَّذِينَ اتَّبَعُوهُمْ بِإِحْسَانٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ

رضی اللہ

عنہ

رحمۃ اللہ علیہ، علیہ الرحمۃ رضی اللہ عنہ

رحمہ اللہ۔

عند ابی حنیفۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ رضی

اللہ عنہ رضی اللہ عنہ

رضی اللہ عنہ

رضی اللہ عنہ

وَالسَّابِقُونَ الْأَوَّلُونَ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنْصَارِ وَالَّذِينَ اتَّبَعُوهُمْ بِإِحْسَانٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ

دو گے، قرآن غلط ہے اور اللہ پاک جو صاحب قرآن ہے، اللہ پاک نے غلط فرمایا، گستاخی کی ہے۔ کہتے ہیں نہیں، یہ تو نہیں کہہ سکتے۔ میں نے کہا پھر ہدایہ پر کیوں اعتراض کرتے ہو؟ پھنس گیا ناں! ہم نے پہلے پھنسالیا، پہلے ان کے علم کا جائزہ لیا،

چلے کہ اس کی علمی صلاحیت کیا ہے، جو کچھ ہدایہ

میں لکھا ہے وہ تو قرآن میں لکھا ہے، اگر اس بنیاد پر ہدایہ پر اعتراض ہے، میں نے کہا

قرآن پر اعتراض کرو۔ پھر چپ۔۔۔! کہتا ہے پھر یہ اصطلاح غلط ہے صحابی کو رضی

اللہ عنہ اور غیر صحابی کو رحمۃ اللہ علیہ

۔ تو پھر قرآن میں غلطی ہے، میں نے کہا

قرآن میں بھی ٹھیک ہے۔ دونوں کیسے ٹھیک ہوسکتے ہیں؟ رضی اللہ عنہ

